عینک فریمی

زبان میری ہے بات اُن کی

- میلسی: اداکارہ نادیہ چودھری اور ستارہ ملک کا تھیٹروں میں فحش رقص۔ (ایک خبر)

دخترانِ ملک و ملت رقص فرماتی رہیں
اس نئی تہذیب کا کلچر اسی کا نام ہے

- یہودی، مسلمان اور عیسائی ایمان والوں میں شامل ہیں۔ (ڈاکٹر طاہر القادری)
- ❑ بعض لوگوں کی اوپر والی منزل بالکل خالی ہوتی ہے۔
- لاہور میں نیوائیر نائٹ پر ہلا گلا۔ گیسٹ ہاؤسوں میں شراب وشباب کی محفلیں۔ (ایک خبر)
- ❑ یہ مسلماں ہیں جنہیں دیکھ کے شرمائیں یہود!
- کالا باغ ڈیم کی تعمیر کے لیے علماء سے رجوع کیا جائے۔ (اجمل قادری)
- ❑ ''اور قرآنِ پاک کی تفسیر کے لیے وزراء سے رجوع کیا جائے۔'' واہ قادری صاحب!
- عورت بھی ساقی کے فرائض ادا کرسکتی ہے۔ (دہلی ہائی کورٹ)
- ❑ ساقی نہیں ''سقّن'' زیادہ مناسب وموزوں ہے۔
- ۲۰۰۵ء میں ۴ بیل، ۹۲ بلیاں، ۱۳۱ کتے، ۲۵۰ مینڈک بیرون ملک بھجوائے گئے۔ (ایک خبر)
- ❑ ایکسپورٹ بیورو کا کارنامہ ملاحظہ ہو!
- امریکی پالیسیاں ہمارے لیے مسائل پیدا کررہی ہیں۔ (شیخ رشید احمد)

وہ بے وفا ہے، وہ کج ادا ہے، امریکہ مسائل کا بادشاہ ہے
اگر اُسے دل میں رکھ لیا ہے تو پھر کیا دل میں ملال رکھنا

- مدارس کی اسناد کو متنازعہ بنادیا گیا جب کہ قومی اسمبلی میں ایسے لوگ موجود ہیں جن کی اسناد جعلی ہیں۔ (قاضی حسین احمد)
- ❑ سرکار کے نزدیک جعلی اسناد، مدارس کی اسناد سے زیادہ وقیع ہیں
- پرائمری جماعتوں میں اسلامیات، معاشرتی علوم کے مضامین ختم کرنے کا فیصلہ۔ (ایک خبر)

کچھ لوگ مخالف ہیں اسلام و وطن کے
کہتے ہیں فرمانِ قضا اور ہی کچھ ہے